V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ جمادی الثانی ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۷ جون ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱ روبکار بابت تفویض کار عالی مرتبت صاحب پرائیویٹ سکرٹیری بہادر بہ صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکرٹیری بہادر تا واپسی صاحب سکرٹیری بہادر بابت ہز ہائینس ہولڈوانڈسٹریز از آندور ۲

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار   (سوری)   واقع ۲۳ رجون ۱۹۴۲ء

عالی مرتبت صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کی رخصت ایک ماہ از ۲۰ رجون ۱۹۴۲ء بحکم ۱۸ رجون ۱۹۴۲ء منظور کی گئی ہے۔ ایام رخصت میں اُن کا کام صاحب سکرٹری بہادر ہاؤس ہولڈ و انڈسٹریز انجام دیں گے۔ چونکہ وہ بیکار سرکار اندور گئے ہیں لہذا تا واپسی از اندور عالی مرتبت صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کا کام صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکرٹری بہادر علاوہ اپنے کام کے انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار   (سوری)   واقع ۲۵ رجون ۱۹۴۲ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

میجر آغا خانصاحب بہادر اسسٹنٹ ملٹری سکرٹری خدمات متعلقہ نہایت محنت و مستعدی سے انجام دیتے ہیں۔ اعلیحضرت دام دولت و اقبال اُن کے کام سے خوش ہیں لہذا یکم جولائی ۱۹۴۲ء سے آنریری "لفٹنٹ کرنل" عطا کیا جاتا ہے۔ اس ترقی رینک سے اُن کے مشاہرہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی کیونکہ بحکم ۲۲ رمارچ ۱۹۴۱ء انکو گریڈ سکرٹری عطا ہو چکا ہے اور عطائے گریڈ عہدہ سکرٹری سے قبل جو صورت اونچے رینک کی اور سٹاف الاونس کی تھی وہ باقی نہیں رہی بلکہ گریڈ عہدہ سکرٹری میں موجودہ تنخواہ مل رہی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈکوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔